
# مظلوم اولسی تحریک پاکستان

## آئین (دستور)



# اغراض ومقاصد:

* پاکستان کے مظلوم عوام کو حقیقی معنوں میں ایک جدید جمہوری، مساوی اقدار کی ریاست بنانا ہے جس میں مظلوم عوام کی فوری طور دادرسی کی جاسکے۔
* جہاں ہر شہری جنس، ذات، نسل اور مذہب سے قطع نظر، مکمل بنیادی حقوق کی ضمانت کے ساتھ قانون کی نظر میں برابر ہے۔
* کوئی معاشی، جسمانی حالت، تاکہ مساوی مواقع، امن، ہم آہنگی اور خوشی سے لطف اندوز ہوں۔ یہ مقاصد زیادہ واضع طور پر بیان کیے گئے ہیں۔
* تشدد اور ہر قسم کی انتہاء پسندی کے خلاف واضع موقف کے ساتھ جمع کھڑی ہے۔
* متعصبانہ قومیت، گروہ، جنس، مظہر، نسل، طبقہ اور عقیدے سے بالاتر تمام شہریوں کے لئے مساویانہ حقوق اور مواقع کی فراہمی پر کامل یقین رکھتے ہوئے خود ساختہ امتیازی قوانین اور متنازعہ اصولوں کی نفی کرے گی۔
* جمہوریت کے استحکام، سیاسی شعور کے فروغ، قانون کی بالادستی اور انصاف تک رسائی کو ممکن بنانے کا عہد کرتی ہے۔
* پرامن، ترقی پسند اور ایک آزاد معاشرے کے قیام کے لئے جدوجہد کرے گی۔
* مظلوموں کی دادرسی کے لئے خصوصی قدامات کرے گی جیسا کہ عدالتوں میں مظلوموں کے لیے انصاف کی فراہمی، بیروزگاروں کے لے روزگار کے مواقع مہیا کرنا، دسترخوان کا اہتمام کرنا اور مظلوموں کے لئے پناہ گاہ کا اہتمام کرنا۔

چیئرمین۔۔۔
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

* ایسے تمام وفاقی اکائیوں کے ساتھ اخلاقی وسیاسی تعاون کرے گی جو تاریخی، ثقافتی، لسانی اور جغرافیائی کے مطابق آئینی طور پر آپس میں از سر نو تشکیل چاہتے ہوں۔
* معذور افراد کی قوت کا تحفظ، ترقی اور فلاح و بہبود کو یقینی بنائے گئی۔
* بہترین نظم حکمرانی، شفافیت اور بلا امتیاز احتساب پر مکمل یقین رکھتی ہے۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

# آئین (دستور)

## باب نمبر 1

* پارٹی کا نام: مظلوم اولسی تحریک پاکستان

* پرچم کا رنگ: سیاہ، سفید، سرخ اور سفید رنگ میں سبز ستارہ۔

* پارٹی کی ویب سائیٹ www.motp.pk

## باب نمبر 2

**رکنیت:-**

* ہر پاکستانی جس کی عمر کم از کم 18 سال ہو، پارٹی منشور اور نظریئے سے اتفاق کرتا ہو، پارٹی کا رکن بن سکتا ہے۔

* پارٹی رکنیت حاصل کرنے کے لئے فارم پر کرنا ہوگا۔ اور کم سے کم 50 روپے رکنیت فیس ادا کرنا ضروری ہے۔

* رکنیت فیس ادا کرنے کے علاوہ رکن پر لازم ہوگا کہ وہ باقاعدہ چندہ ادا کرے ) ماہانہ چندے کا تعین رکن خود اپنی پارٹی کے لحاظ سے رکنیت فارم پر کرتے وقت کرے گا، پارٹی یا پارٹی کے کسی بھی پروگرام میں شرکت کرنے کا پابند ہوگا۔

* جو رکن پارٹی امور میں شریک نہیں ہوگا اور باقاعدہ چندہ ادا نہیں کرے گا۔ وہ رکن پارٹی انتخابات میں حصہ لینے کا حقدار نہیں ہوگا۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

## باب نمبر3

### بنیادی یونٹ:-

* یہ پارٹی کا بنیادی ادارہ ہوگا جو فیکٹری، ادارے، گاؤں، گلی، وارڈ، یونین کونسل، ضلع و تحصیل، محلے یا علاقے کی بنیاد پر بنایا جائے گا۔
* ایک یونٹ کم از کم نو ممبران پر مشتمل ایک کابینہ کی صورت میں ہوگا۔
* ہر یونٹ ماہانہ کی بنیاد پر اپنا اجلاس منعقد کرنے کا پابند ہوگا۔
* یونٹ کے ہر کارکن کا فرض ہے کہ وہ پارٹی پروگرام کو منعقد کرنے میں یقینی بنائے اور پارٹی کے منشور کو گھر، گلی، محلّہ میں باہم پہنچانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے۔
* تمام اجلاسوں کا ریکارڈ تحریری صورت میں موجود ہوگا۔ اور سہ ماہی جنرل باڈی اجلاس میں پیش کرنا ہوگا۔

## باب نمبر 4

### پارٹی ڈھانچہ:-

* پارٹی کا دائرہ کار پورے پاکستان میں ہوگا۔
* پارٹی کے مرکزی ڈھانچے میں مندرجہ ذیل ادارے ہونگے۔

1- جنرل کونسل

2- اعلی مشاورتی کمیٹی

3- ایگزیکٹو کمیٹی

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

1- جنرل کونسل:-

* جنرل کونسل پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ ہوگا۔جنرل کونسل کا اجلاس سال میں ایک مرتبہ منعقد کیا جائیگا۔
* پارٹی سیاسی و تنظیمی حکمت عملی طے کرے گی۔مرکزی جنرل کونسل کے ممبر ہی کو ووٹ کا حق ہوگا۔
* ان ممبران کا انتخاب تمام تنظیمی اکائیوں کی جنرل کونسل اپنے عہدیداروں میں سے کریں گے، ماسوائے پہلی جنرل کونسل کے اجلاس کے لئے مختلف اضلاع یا صوبائی انتخابی حلقوں سے پانچ / پانچ ممبران شامل ہونگے۔
* جنرل کونسل کی تعداد کم از کم 30 اور زیادہ سے زیادہ 100 ممبران پر مشتمل ہوگی۔تمام ونگز کے صدر، و جنرل سیکرٹریز بلحاظ عہدہ جنرل کونسل کے ممبر ہونگے۔
* مرکزی کونسل میں پیش کی جانے والی مرکزی و ضلع کمیٹیوں کی رپورٹوں اور قراردادوں کے مسودے جنرل کونسل میں پیش ہوسکتے ہیں۔
* جنرل کونسل میں تمام فیصلے سادہ اکثریت سے کیے جائیں گے-البتہ دستور کی ترمیم کے لئے 60 فیصد اکثریت درکار ہوگی۔

2- اعلیٰ مشاورتی کمیٹی:

* آئین پر عمل درآمد کرنے کے لئے بھرپور عملی اقدامات عمل میں لانے کے موقع فراہم کرے گی اور پارٹی میں کسی بھی قسم کے اختلافات کی صورت میں ان کا حل پیش کریگی اور اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کسی بھی ہنگامی صورت میں جنرل کونسل کا اجلاس طلب کرسکتی ہے یہ کمیٹی پارٹی آئین کے مطابق کلیدی حثیت کی حامل ہوگی-

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
نظام عدل اولسی تحریک پاکستان

* اور کسی بھی سیاسی جماعت یا اہم شخصیت سے پارٹی کے اغراض و مقاصد کے حصول کے لئے پارٹی کے اہم مفاد میں مذاکرات اور عملی اقدامات کریگی، جس کی توثیق بعد میں اگلے جنرل کمیٹی کے اجلاس میں حاصل کریگی۔
* پارٹی مفاد میں چیئرمین کی مشاورت سے حسب ضرورت کسی بھی عہدیدار کو نامزد کر سکتی ہے۔

### 3- ایگزیکٹو کمیٹی:-

* ایگزیکٹو کمیٹی پارٹی کے مرکزی عہدیداران، عہدہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران ہونگے۔ ایگزیکٹو کمیٹی جنرل کونسل اور مرکزی کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد کروانے کی پابند ہوگی۔
* کسی بھی سیاسی یا تنظیمی صورت حال میں ایگزیکٹو کمیٹی فوری فیصلے کر سکتی ہے۔ اس کے حتمی فیصلے کا اختیار چیئرمین کے پاس ہوگا۔

## نظم وضبط

* 'باہمی تنازعہ' اور 'انضباطی خلاف ورزی' کے درمیان واضح فرق کرنے کی ضرورت ہے۔ 'باہمی تنازعہ' کے زمرے میں آنے والی تمام شکایات ثالث کو بھیجی جائیں گی۔
* پارٹی کی پالیسی، امیج، کام کرنے اور سیاسی سرگرمی کو متاثر کرنے والے ایکٹ/تنازع کو 'ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی' کے طور پر نمٹایا جائے گا۔ چیرمین اس حوالے سے ایک کمیٹی تشکیل دے سکتے ہیں۔
* کسی خاص پالیسی/سیاسی مسئلے پر کسی بھی اختلافی رائے کو 'ذاتی نقطہ نظر' کے طور پر عوامی فورم پر پیش کیا جائے، اسے انضباطی خلاف ورزی' کے طور پر نہیں لیا جائے گا۔ بشرطیکہ اختلافی ذاتی

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

نقطہ نظر کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

## انضباطی کاروائی

* کوئی بھی باہمی تنازعہ جو عوامی ڈومین میں پھیلتا ہے۔اور پارٹی امیج کو نقصان پہنچانے، کام کرنے اور سیاسی سرگرمی کو 'انضباطی خلاف ورزی' کے طور پر لیا جائے گا۔اور تمام فریقوں کو نظم وضبط میں شامل کر سکتا ہے۔

* انضباطی خلاف ورزیاں تین زمروں کے تحت آئیں گی جن میں مختلف سزائیں ہوں گی۔

ا۔معمولی تادیبی خلاف ورزی:

۲۔آفس ہولڈرز کی تین ماہ کی معطلی؛

۳۔اراکین کی تین ماہ کی رکنیت معطل

* اعتدال پسند تادیبی خلاف ورزی: آفس ہولڈرز کے لیے ایک مدت کے لیے دفتر سے ہٹانا؛ ممبران کی ایک سال کی رکنیت معطل۔

* سخت تادیبی خلاف ورزی: بنیادی پارٹی سے اخراج رکنیت.

* مرکز میں احتساب اور نظم وضبط پر ایک قائمہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی جس میں ایک سربراہ اور چار دیگر اراکین شامل ہوں گے۔سیکرٹری جنرل (SG) نام تجویز کریں گے۔چیئرمین اُس کی منظوری دینگے۔

* قائمہ کمیٹی فریقین کو سات یوم کے اندر شوکاز نوٹس جاری کرینگے۔اور نوٹس جاری ہونے کے ایک ماہ کے اندر کیس کا فیصلہ کرے گی۔ قائمہ کمیٹی 'انضباطی خلاف ورزیوں اور جرمانے کے جدول' کے مطابق مرتکب تادیبی خلاف ورزی کے زمرے کا تعین کرے گی۔اس میں دی گئی مقررہ سزا دینا؛ مجرمانہ دلائل اور شواہد کا حوالہ دینا؛ اور اسے عمل درآمد اور نوٹیفکیشن کے لیے پارٹی

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

مینجمنٹ کو بھیجنے کی پابند ہوگی۔

* اگر قائمہ کمیٹی اس بات کا تعین کرتی ہے کہ شکایت بدنیتی کے ساتھ غلط تھی، شکایت کنندہ کو جرمانہ کیا جائے گا جیسا کہ الزام لگایا گیا ہے۔ جرمانے کا فیصلہ قائمہ کمیٹی کرے گی۔

## باب نمبر 5

### مرکزی کابینہ

1- چیئرمین

2- وائس چیئرمین

3 صدر

4 جنرل سیکرٹری

5 سینئر نائب صدر

6 نائب صدر

7 ڈپٹی جنرل سیکرٹری

8 ایڈیشنل جنرل سیکرٹری

9 سیکرٹری مالیات

10 سیکرٹری اطلاعات

11 رابطہ سیکرٹری

12 میڈیا کوآرڈینیٹر

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

**چیئرمین:-**

* چیئرمین کا انتخاب مرکزی کونسل کرے گی۔
* چیئرمین تمام اداروں اور کابینہ کا سربراہ ہوگا۔

**وائس چیئرمین:-**

* وائس چیئرمین کا انتخاب بھی جنرل کونسل کرے گی۔
* وائس چیئرمین کی مدت مرکزی کابینہ کے برابر ہوگی۔
* چیئرمین کی غیرموجودگی میں وائس چیئرمین ذمہ داریاں سنبھالے گا۔

**صدر:-**

* صدر پارٹی کا تنظیمی آئینی سربراہ ہوگا۔
* پارٹی کے اجلاس کی صدارت کرے گا۔
* پارٹی امور کو دستور کے مطابق لانے کا پابند ہوگا۔
* اعلی مشاورتی کمیٹی اور جنرل سیکرٹری کے باہمی مشاورت سے ونگز کے عہدے دار نامزد کرے گا۔
* سیکرٹری مالیات کی غیرموجودگی میں مالی امور کی انجام دہی کے لئے کسی بھی پارٹی ممبر کو نامزد کرسکتا ہے۔

حتمی منظوری پارٹی چیئرمین دے گا۔

**سینئر نائب صدر:-**

* صدر کے معاملات میں معاونت کے علاوہ صدر کی عدم موجودگی میں پارٹی کے عہدے پر کام کریگا۔اور صدر کے تمام اختیارات وفرائض سرانجام دے گا۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

* صدر کی غیر موجودگی میں سینئر نائب صدر جو بھی فیصلہ کرے گا بعد میں اس کی توثیق کروانا لازم ہو گا۔

**نائب صدر:۔**

* صدر اور سینئر نائب صدر کی عدم موجودگی میں پارٹی صدر یا سینئر نائب صدر کسی بھی وقت نائب صدر کو پارٹی کے صدر کے عہدے پر کام کرنے کے لئے کہے گا۔
* اور صدر کے تمام اختیارات اور فرائض انجام دے گا/گی۔

**جنرل سیکرٹری:۔**

* سیکرٹری پارٹی کے تمام تنظیمی امور کا انچارج ہوگا۔
* مرکزی پارٹی کے تمام ریکارڈ مرتب کرنے کے علاوہ پارٹی کی مرکزی جنرل کونسل، مرکزی کمیٹی اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے انعقاد اور انتظامی امور کے ساتھ ساتھ مرکزی وضلعی اکائیوں کی تنظیموں سے رابطے اور پارٹی فیصلوں پر عمل درآمد کا ذمہ دار ہوگا۔

**ایڈیشنل سیکرٹری:۔**

* جنرل سیکریٹری کے کاموں میں معاونت کرے گا/گی۔
* اور جنرل سیکریٹری کی عدم موجودگی میں ان کے فرائض سرانجام دے گا/گی۔

**ڈپٹی جنرل سیکریٹریز:۔**

* ڈپٹی جنرل سیکرٹری پارٹی امور میں جنرل سیکرٹری اور ایڈیشنل جنرل سیکرٹری کی معاونت اور غیر موجودگی میں جنرل سیکرٹری، یا ایڈیشنل سیکرٹری، جنرل سیکرٹری کے فرائض سرانجام دے گا۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

*جنزل سیکرٹری کسی بھی ڈپٹی جنزل سیکرٹری کو جنزل سیکرٹری کے فرائض سونپ سکتے ہیں۔

**سیکرٹری مالیات:۔**

* مالیاتی امور کا ذمہ دار ہوگا۔
* آمدن واخراجات کی رپورٹ مرتب کرے گا،اور ماہانہ رپورٹ جنزل سیکرٹری کو پیش کرنے کا پابند ہوگا۔
* مشترکہ اکاؤنٹ ہوگا جس پر صدر جنزل سیکرٹری،اور سیکرٹری مالیات میں سے کسی بھی دو عہدیداروں کے دستخط لازم ہونگے۔
* تمام وصولیوں اور اخراجات کے اکاؤنٹ کو منٹین کرنے کا پابند ہوگا۔
* اور صدر، جنزل سیکرٹری کی جانب سے منظور کردہ ادائیگیاں کرنے کا پابند ہوگا۔

**سیکریٹری اطلاعات:۔**

* پارٹی کے اغراض ومقاصد، فیصلوں اور اسکے لٹریچر کی اشاعت کا ذمہ دار ہوگا/گی۔
* پارٹی کے نقطہ نظر کو تمام ذرائع میں فروغ دیگا/ گی۔

**رابطہ سیکرٹری:۔**

* تمام سیاسی پارٹیوں سے رابطے میں رہے گا۔
* اور تمام سیاسی امور پر اعلی مشاورتی کمیٹی،صدر اور جنزل سیکرٹری سے مشاورت کا پابند ہوگا۔
* اور بعد میں منظوری اس کی تشہیر کرنے کے اسباب مہیا کرے گا۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

**میڈیا کوآرڈینیٹر:۔**

میڈیا کوآرڈینیٹر سوشل میڈیا پر آفیشل آئی ڈی سے پارٹی کے امور کی تشریح کرے گا۔

* میڈیا کوآرڈینیٹر آفیشل آئی ڈی چلانے کا پابند ہوگا۔
* آفیشل آئی ڈی کی منظوری چیئرمین از خود کریگا/گی۔

## باب نمبر 6

### ملکی پارلیمانی انتخابات:۔

* ملک میں تمام پارلیمانی انتخابات میں حصہ لینے کے لئے پارٹی امیدواروں کے تعین کے لئے پارٹی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی بورڈ تشکیل دیگی۔
* پارلیمانی بورڈ ٹکٹوں کا فیصلہ کرتے وقت ضلعی کمیٹیوں کی سفارشات کو ترجیح دے گا۔
* انتخابات میں حصہ لینے کے خواہشمند اراکین اپنی درخواست پارلیمانی بورڈ کو بھجوائیں گے۔
* پارٹی ٹکٹ جاری کرنے کے لئے پارلیمانی بورڈ کا فیصلہ تمام اراکین پر لازم ہوگا لیکن اس کے خلاف مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی میں اپیل کی جاسکے گی۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔
* پارلیمانی بورڈ کو پارٹی ٹکٹ کے لئے درخواست کے ساتھ فیس کا تعین کا حق ہوگا۔
* جس کی ادائیگی امیدوار رکن کے لئے لازمی ہوگی۔
* پارلیمانی بورڈ قواعد وضوابط جاری کرسکتا ہے۔
* بلدیاتی انتخابات کے لئے مرکزی بورڈ کے فیصلے کے خلاف مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے اپیل کی جاسکے گی جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

چیئرمین۔۔
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

* انتخابات کیلئے پارلیمانی بورڈ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ 5 فیصد کوٹہ عورتوں کے لئے مختص ہو۔

## باب نمبر 7

### پارٹی فنڈ اور مالیاتی معاونت:-

* پارٹی میں ہر سطح پر مالی حساب باضابطہ شفاف اور تحریری طور پر رکھا جائے گا. اس کی ہر متعلقہ بک آف اکاؤنٹس میں اندراج کیا جائے گا۔ مرکزی سطح پر پارٹی فنڈ کے لئے باقاعدہ بینک اکاؤنٹ کھولے جائینگے ۔
* بنیادی طور پر پارٹی فنڈ کا انحصار پارٹی اراکین، عہدیداروں اور ہمدردوں پر ہوگا۔
* پارٹی رکنیت کی تمام فیس، مقامی یونٹ۔ضلعی کمیٹی کے ذریعے مرکزی کمیٹی کو ادا کریں گے۔
* پارٹی ہر سال اپنے Book of accounts کا Audit کروایگی، جس کی رپورٹ پارٹی کے چیئرمین کو پیش کی جائیگی۔ اور چیئرمین رپورٹ کا جائزہ لے کر Election Commission کو ارسال کرے گا۔
* پارٹی جنرل سیکرٹری اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ فارم۔C بروقت الیکشن کمیشن مین جمع ہو

## باب نمبر 8

### پارٹی انتخابات:-

* پارٹی کے چیئرمین (لیڈر) کا انتخاب پارٹی کے رجسٹرڈ/ ڈیٹابیس پر موجود تمام اراکین کے براہ راست خفیہ رائے شماری سے کیا جائے گا۔
* پارٹی فیڈرل الیکشن کمیشن یہ الیکشن کرائے گا۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

* چیئرمین کا عہدہ کسی بھی وجہ سے خالی ہونے کی صورت میں، ایس.جی عبوری طور پر دفتر کا اضافی چارج سنبھالے گا اور عہدہ خالی ہونے کے 30 دنوں کے اندر چیئرمین کے عہدے کے لیے انتخابات کرائے جائیں گے۔
* اگر چیئرمین اس بات کا تعین کرتا ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کے لیے قبل از وقت پارٹی انتخابات کی ضرورت ہے، تو وہ قومی کونسل میں ایک تحریک پیش کر سکتا ہے تا کہ پارٹی انتخابات کو ایک سال تک آگے لایا جائے۔ تحریک کو سادہ اکثریت کے ووٹ کی ضرورت ہوگی
* پارٹی کے تمام ادارے منتخب ہونگے اور انتخابات کے لئے دئے گے طریقہ کار کے مطابق ہونگے۔
* مرکزی اور ضلع کمیٹیاں اپنی اپنی سطح پر انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن مقرر کریں گے۔
* جو کہ متعلقہ اداروں کے انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن مقرر کرینگے۔
* جو متعلقہ اداروں کے انتخابات کے ذمہ دار ہونگے۔ پارٹی عہدیداروں کی مدت تین سال تک ہوگی۔

## حلف

### آفس ہولڈرز کے لیے

* اللہ کے نام کی قسم کھاتا ہوں اور پختہ یقین کرتا ہوں کہ میں مظلوم اولسی تحریک پاکستان کے آئین اور اس میں دیئے گئے مقاصد پر سچا ایمان اور وفادار رہوں گا۔
* میں اس آئین کو صحیح معنوں میں برقرار رکھوں گا اور اپنی صلاحیتوں اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار

چیئرمین۔ [signature]
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

کے مطابق اپنے فرائض کو انجام دوں گا۔

**<u>ممبران کے لیے</u>**

میں ................................................. . اللہ کے نام پر قسم کھا کر اور پختہ یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ میں مظلوم اولسی تحریک پاکستان کے آئین اور اس میں دی گئی چیزوں پر سچا ایمان اور وفادار رہوں گا۔ میں اس آئین کو صحیح معنوں میں برقرار رکھوں گا۔ اب سے، میں کسی دوسری سیاسی جماعت سے وابستگی ختم کرتا ہوں۔

## آئین میں ترمیم

* آئین میں ترمیم قائمہ کمیٹی کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔ قائمہ کمیٹی کے سامنے ترمیم بھی پیش کی جا سکتی ہے۔
* پارٹی کے آئین میں قائمہ کمیٹی ترمیم کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ مجوزہ ترمیم کو کم از کم دو تہائی سے منظور کیا جائے۔ ترمیم پر نظر ثانی دوبارہ دو تہائی سے منظور ہو سکتی ہے۔
* ہر ترمیم کے بعد پارٹی آئین کی ترمیم شدہ کاپی الیکشن کمیشن آف پاکستان میں جمع کرائے گا۔

## اپیل کمیشن:۔

* مرکزی کمیٹی ممبران پر مشتمل ایک پانچ رکنی اپیل کمیشن منتخب کرے گا۔ اپیل کمیشن کسی بھی انتخاب، شکایت یا اپیل پر فیصلے سے قبل انکوائری کر سکتا ہے۔ اپیل کمیشن کے فیصلے کی حتمی منظوری کمیٹی دے گی۔

چیئرمین
حاجی صادق خان اچکزئی
مظلوم اولسی تحریک پاکستان

---